ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (70)

31.01.2023

**بہاول پور() ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایت پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں جاری، گذشتہ 03 روز میں 26 ملزمان گرفتار، 230 لیٹر دیسی شراب، 690 گرام سے زائد چرس، 06 عدد پسٹل 30 بور، 01 عدد بندوق 12 بور، قمار بازی، پنجاب ساؤنڈ ایکٹ، کرایہ داری ایکٹ، پتنگ بازی اور وال چاکنگ ایکٹ کی خلاف ورزی پر 13 ملزم گرفتار، مقدمات درج۔سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھی جائیں، معاشرتی برائیوں کے خاتمے اور جرائم کی سرکوبی کے لیے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار۔**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی پالیسی " جرائم سے پاک معاشرہ'' اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں معاشرے کو منشیات سے پاک کرنے کے لئے بھاولپور پولیس کی انسدادِ منشیات مہم مسلسل جاری ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایات کی روشنی میں متعدد ملزمان کو گرفتار کر کے ان سے منشیات برآمد کر لی۔تھانہ سٹی حاصلپور، کوتوالی اور صدر حاصلپور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے 04 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 230 لیٹر دیسی شراب برآمد کر لی۔تھانہ سول لائنز اور سٹی حاصلپور پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 02 ملزمان کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 690 گرام چرس برآمد کر لی۔جبکہ تھانہ صدر احمد پور شرقیہ، صدر حاصلپور، قائمپور اور دھوڑکوٹ پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 07 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 06 عدد پسٹل 30 بور اور 01 عدد بندوق 12 بور برآمد کر لی۔تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ نے قمار بازی ایکٹ کی خلاف ورزی پر 04 ملزمان کو جبکہ تھانہ سول لائنز، سمہ سٹہ اور مسافر خانہ پولیس نے پنجاب ساؤنڈ ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والے 5 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔اسی طرح تھانہ سول لائنز پولیس نے عارضی کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی پر 01 ملزم گرفتار کر لیا۔تھانہ کوتوالی پولیس نے پتنگ بازی ایکٹ کی خلاف ورزی پر 02 ملزمان کو گرفتار کر کے پتنگیں اور دھاتی ڈور برآمد کر لی اور تھانہ عنائتی پولیس نے وال چاکنگ ایکٹ کی خلاف ورزی پر 01 ملزم کو گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج رجسٹر کر لیے گئے۔ڈی پی او عبادت نثار نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھی جائیں، معاشرتی برائیوں کے خاتمے اور جرائم کی سرکوبی کے لیے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں جاری، گذشتہ 03 روز میں 26 ملزمان گرفتار، منشیات اور اسلحہ ناجائز برآمد، مقدمات درج

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (71)

31-01-2023

**بہاول پور( )ایس آئی حشمت علی شہید پولیس ڈرائیونگ سکول یزمان کے مارننگ وایوننگ موٹرسائیکل/موٹرکار کے بیچ نمبر 07اورایل ٹی وی کے بیچ نمبر 04 کی ٹریننگ مکمل،اسٹوڈنٹس میں اچیومنٹ سٹیفکیٹ تقسیم،ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی وکم علمی اورناتجربہ کارڈرائیورز کی وجہ سے ٹریفک حادثات میں کئی قیمتی جانیں ضائع یاافراد ہمیشہ کے لیے معذور ہوجاتے ہیں،اسکول میں مہلک حادثات سے بچاؤ کے حوالے سے بہترین تربیت اورشہریوں کوٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی بھی فراہم کی جاتی ہے-ڈی پی اوعبادت نثار**

تفصیلات کے مطابق پنجاب کے دیگراضلاع کی طرح بہاول پور میں بھی شہریوں کوبہترین تربیت/ٹریفک سے متعلق آگاہی فراہم کرنے کے لیےایس آئی حشمت علی شہید پولیس ڈرائیونگ سکول یزمان کام کررہاہے۔جہاں پرصبح وشام دوشفٹوں میں اسٹوڈنٹس کوموٹرسائیکل/موٹرکار کےعلاوہ LTV کی بہترین تربیت دی جارہی ہے۔اس سلسلہ میں 120 سے زائد کامیاب سٹوڈنٹس کی ٹریننگ مکمل کرنے پراچیومنٹ سرٹیفکیٹس دیئے گئے،ڈرائیونگ اسکول کے اسٹاف نے بہترین انداز میں اسٹوڈنٹس کوڈرائیونگ کی تربیت دی،دوہفتہ پرمشتمل ٹریننگ کے پانچویں بیچ کے اسٹوڈنٹس کی ٹریننگ مکمل کرنے پرتقریب کا اہتمام کرتے ہوئے انچارج یزمان ڈرائیونگ سکول جاوید علی اے ایس آئی نے کامیاب سٹوڈنٹس میں اچیومنٹ سرٹیفکیٹس دیئے گئے،ڈرائیونگ اسکول کے اسٹاف نے بہترین انداز میں اسٹوڈنٹس کوڈرائیونگ کی تربیت دی،دوہفتے کی ٹریننگ کے دوران پہلے مرحلے میں سٹوڈنٹس کو ٹریننگ اسکول کے ٹریک،دوسرے مرحلے میں مصروف روڈزپر پیشہ ورانسٹرکٹرز کے ہمراہ ٹریننگ کروائی جاتی ہے تاکہ سٹوڈنٹس میں گاڑی چلاتے وقت ان کے اعتماد میں اضافہ ہو۔کورس کے آخر میں سٹوڈنٹس کاتحریری اورعملی ٹیسٹ کا انعقاد کیا جاتا ہے۔اسکول کے اسٹاف نے ڈرائیونگ کی تربیت حاصل کرنے والوں کودن اورشام کے اوقات میں مرحلہ وارمکمل ٹریننگ کے ساتھ ساتھ گاڑیوں کی مینٹیننس ،پریکٹیکل ٹریننگ جس میں ٹریفک سائن بورڈ،روڈ سیفٹی اورقانون کی پاسداری واچھے ڈرائیور کی خصوصیات بھی سکھائیں۔ڈی پی اوعبادت نثار نے اپنے پیغام میں کہا کہ پولیس ڈرائیونگ اسکول میں جدیدٹیکنالوجی سے استفادہ حاصل کیاجارہاہے،آن لائن ٹیسٹ،سفارش اورمڈل مین کے بغیرصرف قومی شناختی کارڈ کے ذریعے پولیس خدمت مراکز پر لرنراورلائسنس کے لیے اپلائی/ جاری کیے جاتے ہیں،ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی وکم علمی اورناتجربہ کارڈرائیورز کی وجہ سے ٹریفک حادثات میں کئی قیمتی جانیں ضائع ہوجاتی ہیں،مہلک حادثات سے بچاؤ کے لیے ڈرائیونگ اسکول میں بہترین تربیت وشہریوں کوٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی بھی فراہم کی جارہی ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور:ایس آئی حشمت علی شہید پولیس ڈرائیونگ سکول یزمان کے مارننگ وایوننگ موٹرسائیکل/موٹرکار کے بیچ نمبر 07اورایل ٹی وی کے بیچ نمبر 04 کی ٹریننگ مکمل،اسٹوڈنٹس میں اچیومنٹ سٹیفکیٹ تقسیم

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(72)

31.01.2023

# بہاولپور()ڈسٹرکٹ پولیس آفیسرعبادت نثار پرانے ملزمان کی گرفتاریوں اورقانونی کاروائی کے حوالے سے ضلعی پولیس کوٹاسک،مفرورملزمان کوگرفتارکر کے مقدمات کویکسوکریں،روزانہ کی بنیادپر ہر تھانے کی پراگرس چیک کروں گا،ڈی پی او

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اورایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کی مفرورملزمان کی گرفتاریوں کے حوالے سے مہم کے تحت ڈسٹرکٹ پولیس آفیسرعبادت نثار نے بہاولپور کے تمام تھانوں کو پرانے مقدمات میں ملوث ملزمان کی گرفتاریوں اوران کے خلاف ضابطہ کی کارروائیاں کرنے کا ٹاسک دے دیا،ان کی فہرستیں تیار کی جائیں اورتکنیکی وسائل کو بروئے کارلاتے ہوئے گرفتارکر کے قانون کےکٹہرے میں لایا جائے۔آئی ٹی کی ٹیمیں تھانوں کی سطح پرتفتیشی افسران سے کوآپریشن کر کے ملزمان کی نقل وحرکت کاتعین کریں اور ہرممکن وسائل کو انویسٹی گیشن اورآپریشن میں استعمال کیا جائے،میں روزانہ کی بنیاد پرتمام ضلع کے تھانوں کی پراگرس چیک کروں گا اورجن کی پرفارمنس میں کمی ہوئی ان کواس کا جواب دینا پڑے گا اوراچھی پرفارمنس والے افسران کوسرٹیفکیٹس اور انعامات تقسیم کیے جائیں گے۔کمیونٹی پولیسنگ کے ساتھ ساتھ جرائم پرقابو پانا اورملوث ملزمان کوگرفتارکرنا ہماری ہر اول ڈیوٹی ہے۔شہریوں کی دادرسی اس صورت میں ہوسکتی ہے جب ہم ان کے جان و مال کا نقصان کرنے والے افرادکوآہنی ہاتھوں سے نمٹیں گے،ان خیالات کا اظہارڈی پی اوعبادت نثار نے بہاولپور پولیس کے افسران کو جاری ہدایات میں کیا۔

ترجمان بہاول پور پولیس